## دفتر، چیف پبلک ریلیشنز آفیسر

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

## پریس ریلیز

# جامعہ ملیہ اسلامیہ میں این ای پی دو ہزار بیس اور این سی ایف۔ایس ای۔دو ہزار تیئیس کی روشنی میں 'ماحولیاتی مطالعات سے متعلق درسی کتابوں پر نظر ثانی اور مواد کی تیاری' سے متعلق سہ روزہ ورکشاپ کا انعقاد

New Delhi, May 08, 2025

پہلی اور تیسری جماعت کی درسی کتابوں پر نظر ثانی اور مواد کی تیاری سے متعلق اکادمی برائے فروغ استعداد اردو میڈیم اساتذہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ہولسٹک ایجوکیشن ٹرسٹ، نئی دہلی کا مشترکہ سہ روزہ ورکشاپ کل اختتام پذیر ہوا۔ پانچ مئی دو ہزار پچیس کو شروع ہوئے ورکشاپ کے انعقاد کا مقصد مذکورہ جماعتوں کی درسی کتابوں پر نظر ثانی اور اس کے مشمولات کو قومی تعلیمی پالیسی دو ہزار بیس اور قومی نصابی خاکہ برائے اسکول تعلیم دو ہزار تیئیس کے رہنما اصولوں سے ہم آہنگ کرنا تھا۔ ورکشاپ کے آغاز میں پروفیسر جسیم احمد، اعزازی ڈائریکٹر اکادمی برائے فروغ استعداد اردو میڈیم اساتذہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف اور عالی وقار جناب پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ کا صمیم قلب سے شکریہ ادا کیا کہ انھوں نے ہولسٹک ایجوکیشن ٹرسٹ کے اشتراک سے ورکشاپ کے انعقاد کی منظوری دی۔ پروفیسر جسیم احمد، اعزازی ڈائریکٹر، اکادمی برائے فروغ استعداد اردو میڈیم اساتذہ نے ایچ ای ٹی کے سیکریٹری جناب سید تنویر احمد اور ٹرسٹ کے دیگر عہدیداران اور ورکشاپ کے ماہرین خصوصی کا استقبال کیا۔ انھوں نے ورکشاپ کے اغراض و مقاصد کی وضاحت کے ساتھ ساتھ مواد کی ترتیب و تنظیم کے اصول و ضوابط، قومی نصابی خاکہ دو ہزار تیئیس کے نصابی اہداف پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ پروفیسر احمد نے درسی کتابوں پر نظر ثانی کی اہمیت اجاگر کی اور شرکا سے کہا کہ وہ متون پر نظر ثانی کرتے ہوئے ان میں اقدار، تہذیب اور ملک کی علمی و تہذیبی ورثے کی شمولیت کے لیے گنجائشیں پیدا کریں۔ انھوں نے آموزگاروں میں اکیسویں صدی کی مہارتیں پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

سید تنویر احمد، سیکریٹری، ہولسٹک ایجوکیشن ٹرسٹ، نئی دہلی نے ٹرسٹ کے وژن، مشن اور اہداف کے سلسلے

میں تفصیل سے بتایا۔انھوں نے ماحولیاتی اہمیت اور اقداری تعلیم کے تناظر میں این ای پی دو ہزار بیس اور این سی ایف ایس ای دو ہزار تیئیس کے سروکاروں کو وضاحت سے پیش کیا۔ ماحولیاتی مطالعے سے متعلق تیسری جماعت کی درسی کتاب کے کوآرڈی نیٹر ڈاکٹر اے۔واحد نظیر نے ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس کی نظامت کے فرائض انجام دیےاور ماحولیاتی مطالعے سے متعلق پہلی جماعت کی درسی کتاب کی کوآرڈی نیٹرمحترمہ ڈاکٹر حنا آفرین نے حاضرین کاشکریہ ادا کیا۔

افتتاحی اجلاس کے بعد دونوں کوآرڈی نیٹرز نے این ای پی دو ہزار بیس اور این سی ایف ایس ای دو ہزار تیئیس کی روشنی میں درسی کتابوں پرنظر ثانی اور مواد کی تیاری میں تدابیراور حکمت عملی پر ورکشاپ کے ماہرین خصوصی کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ورکشاپ میں گروپ کے ساتھ ساتھ فرداً فرداً بھی مضامین کے ماہرین کے ساتھ ایک مثبت اور بامعنی مکالمہ ہوا جس سے موجودہ کتابوں میں نئے ابواب کی شمولیت اور پرانے ابواب میں مشمولات کی تازہ کاری کے ساتھ نئے نسل کی ضروریات اور ان کے تقاضوں سے ہم آہنگ کتاب کی تیاری میں معاونت ہوگی۔ ورکشاپ میں ترمیم شدہ کتاب کا پہلا خاکہ سامنے آیا۔کتابوں پرنظر ثانی کے دوسرے مرحلے میں تیار شدہ ابواب کو مزید غور وخوض کے لیے ماہرین کے سامنے پیش کیا جائے گا تاکہ ماحولیاتی مطالعہ سے متعلق پہلی اور تیسری جماعت کی درسی کتابوں کو قطعی شکل دی جاسکے۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

چیف،تعلقات عامہ افسر،

جامعہ ملیہ اسلامیہ